احسن الصلوات
مع
دلائل الخیرات
تصحیح، ترتیب وتزئین
مفتی سعد عبدالرزاق
فاضل جامعہ فاروقیہ
متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

احسن الصلوات

مع

دلائل الخیرات

تصحیح، ترتیب و تزئین

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں درود کے احکام، فضائل و مسائل اور مشہور درود جمع کیے گئے ہیں۔ دوسرا حصہ دلائل الخیرات پر مشتمل ہے۔ دلائل الخیرات کا پورا نام دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ والسلام علی النبی المختار ہے اور اس کے مصنف شیخ محمد بن سلیمان الجزولی ہیں۔

شیخ محمد بھی اس کتاب کا ورد کرتے ہیں اور اپنے مریدین کو بھی پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں۔ حاجی خلیفہ نے اس کتاب کو آیۃ من آیات اللہ قرار دیا ہے اور لکھا ہے مشرق و مغرب میں اس کی تلاوت کی جاتی ہے۔ اس کتاب کی ساتویں حزب میں وہ درود پاک بھی موجود ہے جسے صلوٰۃ المنجیۃ یعنی تنجینا والے درود کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ وہ درود یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا وَتَطْوِيْ بِهَا عَنَّا عُقْبَةَ الْجَحِيْمِ

اگلے ایڈیشن میں اگر جناب عالی مرتب دلائل الخیرات کے مستند ترجمہ کا اضافہ کر لیں تو غیر عربی دان طبقے کے لیے بہت فائدہ کا باعث ہوگا۔ ترجمہ کا اضافہ اس لحاظ سے بھی مفید ہوگا کہ درود کے الفاظ و مضامین سے آنحضرت ﷺ کے مقام عالی کا اندازہ ہوتا ہے اور ایک امتی کا تصور ابھرتا ہے جو حبیب و مقبول سے متعلق اللہ کے محاسن و کمالات ہے۔ اس کے علاوہ ہر مسلمان کے دل میں سرور کونین ﷺ کے لیے بے پناہ محبت و احترام ہے اور اس کا اظہار بھی چاہتا ہے مگر تعبیر سے اس کی زبان قاصر رہتی ہے لیکن جب ترجمہ سامنے ہوگا تو اس کے قلب کی ترجمانی زبان کی تعبیر سے ہو سکے گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مرتب موصوف کی اس کاوش کو شرف قبولیت بخشے اور ہم سب کے لیے ذخیرہ آخرت بنائے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ
وَارْحَمْنَا مَعَهُمْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

(مولانا) انوار الحق صاحب دامت برکاتہم
استاذ حدیث و ناظم تعلیمات جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
رکن اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان
13 رمضان المبارک 1436ھ مطابق یکم جولائی 2015ء

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ہدیہ درود شریف پیش کرنا بلاشبہ محبوب ترین عمل اور لذیذ ترین عبادت ہے اور دینی اور دنیوی اعتبار سے درود شریف کا ورد اس قدر فوائد کا حامل ہے کہ جن کا شمار ممکن نہیں۔

ایک عرصہ سے بندہ کی آرزو تھی کہ درود شریف جمع کرنے والوں میں بندہ کا نام بھی شامل ہو جائے اور ایک ایسا رسالہ تالیف کیا جائے جس میں درود شریف کا معتد بہ ذخیرہ ہو جو اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں ترقی اور دربار عالی میں قرب کا سبب بنے۔ لیکن اپنی بے بضاعتی کو دیکھتے ہوئے کوئی صورت نظر نہ آتی تھی بالآخر بعض دوستوں کے مشورے سے کام کا آغاز کیا جس کے نتیجہ میں ایک مجموعہ تیار ہوا اور اب یہ مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ بندہ اس کا ہرگز اہل نہیں لیکن دریائے عشق ومحبت میں غوطہ زنی کی اگر ہمت نہیں تو کیا یہ بھی جرم ہے کہ اہل دل کی فہرست میں کسی نہ کسی تدبیر اور حیلہ سے اپنا نام لکھوالیا جائے۔ مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے محبین ومحبوبین کی معمولی نسبت بھی نجات کا سبب بن جائے گی:

محبت کرنے والوں کی شباہت لے کر آیا ہوں
حقیقت تو اسے کر دے میں صورت لے کر آیا ہوں

اس موقع پر ناانصافی ہوگی کہ میں ان حضرات کا ذکر نہ کروں جنہوں نے قدم قدم

پر بندہ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی فرمائی، میرے شیخ محترم مرحوم و مغفور واصف بھائی رحمۃ اللہ علیہ (اللہ ان کی قبر کو نور سے بھر دے آمین)، جنہوں نے انگلی پکڑ کر شاہراہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر چلنا سکھایا، برادر محترم حافظ بلال صاحب جنہوں نے ہر قدم پر سہارا دیا، مولانا شمس الرحمن صاحب دامت برکاتہم جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں سرپرستی فرمائی، مولانا عمر فاروق صاحب، مولانا عمران داؤد صاحب، میرے چند مخلص رفقاء کرام، جنہوں نے اس کتاب کی تصحیح میں میری بھرپور معاونت فرمائی، میرے عزیز دوست بھائی نبیل صاحب اور مفتی ساجد صاحب جنہوں نے کتاب کی کمپوزنگ اور اشاعت میں بھرپور کردار ادا کیا اور خصوصاً میرے والدین جن کی دعائیں ہر ہر قدم پر بندہ کے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔

آپ حضرات سے بھی گزارش ہے کہ بندہ کو اور ان تمام حضرات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور اس کتاب کو اپنے معمولات میں شامل فرمائیں، اگر کسی غلطی پر مطلع ہوں تو بندہ کو متنبہ فرمائیں یہ آپ کا بندہ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

سعد عبد الرزاق

ہدیہ عقیدت

از: سعد عبدالرزاق

محمد ﷺ محمد ﷺ محمد ﷺ محمد ﷺ

ہے کتنا پیارا یہ نام محمد ﷺ
لبوں نے لئے ایک دوجے کے بوسے
لیا جب کسی نے بھی نام محمد ﷺ
نبی ﷺ احمد ﷺ رسول ﷺ مدثر ﷺ
ہے اعلیٰ و ارفع مقام محمد ﷺ
عرش پہ بھی احد فرش پہ محمد ﷺ
ہے سب سے ہی بالا مقام محمد ﷺ
بڑھا اس سے آگے تو جل جاؤں گا میں
کہا جبرئیل نے اے پیارے محمد ﷺ
حضور سے آگے بڑھے پہنچے قصر دنا کو
رب سے باتیں کریں میرے پیارے محمد ﷺ
روز محشر چھپا لینا دامن میں مجھ کو
اور دے دینا مجھ کو پناہ محمد ﷺ
سعد ان کی ثنا کا کہاں حوصلہ ہے
کیسے کر پاؤں گا میں ثناء محمد ﷺ
دوستوں کی ہے خواہش نعت ان کی لکھوں میں
جن کا مدح سرا خود ہے رب محمد ﷺ

ایک آرزو

زہے نصیب مدینہ مقام ہوجائے
درِ حبیب ﷺ پہ اپنا سلام ہوجائے

تری جناب مقدس میں اے رسول کریم ﷺ
قبول اپنا درود و سلام ہوجائے

مدینے جاؤں پھر آؤں مدینے پھر جاؤں
تمام عمر اسی میں تمام ہوجائے

بلالو جلد مدینے یہ ہے امیر کو خوف
کہیں نہ عمر دو روزہ تمام ہوجائے

(امیر مینائی)

فہرست

ہم درود شریف کیوں نہ پڑھیں

اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہر اس شخص کے احسان کا بدلہ دینے کا حکم فرمایا ہے جس نے ہم پر احسان کیا ہو لیکن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے احسان کا بدلہ ہم دے سکیں اس کا تو تصور بھی محال ہے، اللہ تعالیٰ نے ہمارے عجز و بے بسی کو دیکھتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسان کے بدلے میں ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا حکم دیا ہے اور اس میں بھی ہمارا ہی نفع ہے اور احسان در احسان ہے کہ اس سے محبت اور بڑھتی ہے جو ایمان کا جزو ہے، جہنم سے خلاصی اور جنت کی بشارت نصیب ہوتی ہے اور ہر طرح کی کامیابی کا ضامن ہے۔

درود شریف پڑھنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں، اعمال پاکیزہ ہوتے ہیں، درجات بلند ہوتے ہیں، احد پہاڑ کے برابر اجر لکھا جاتا ہے، جو اپنی دعاؤں اور اوراد کے بدلے ہر وقت درود پڑھے اس کی دنیا اور آخرت میں تمام امور میں کفایت کی جاتی ہے۔

درود شریف پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں، غلام آزاد کرنے سے زیادہ اجر ملتا ہے، حشر کے میدان کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب بنتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ کے غصہ سے امن اور عرش کا سایہ نصیب ہوتا ہے، اعمال کا وزن ترازو میں بڑھ جاتا ہے، حوض کوثر کے پانی سے سخت پیاس والے دن سیرابی حاصل ہوتی ہے، جہنم سے آزادی نصیب ہوگی، پل صراط سے آسانی سے پار ہوگا، موت سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھنا نصیب ہوگا۔

درود شریف پڑھنے سے تنگ دستی دور ہوتی ہے، مال میں اضافہ ہوتا

ہے، بے حساب حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

درود شریف عبادت ہے، اللہ تعالیٰ کا محبوب ترین عمل ہے، مجلس کی زینت ہے، فقر کو دور کرتا ہے، تنگی کو رفع کرتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت نصیب ہوتی ہے۔

درود شریف نور ہے جس سے دشمنوں کے خلاف مدد حاصل ہوتی ہے، دل کا زنگ اور نفاق دور ہوتا ہے، لوگوں کے دلوں میں محبت کو پیدا کرتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوتی ہے، غیبت سے روکتا ہے، غرض دین و دنیا کے اعتبار سے اتنا بڑا نفع بخش عمل ہے کہ کوئی عمل اس سے بڑھ کر نہیں ہے۔

سب سے بڑا بخیل

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مومن کے بخیل ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ جب اس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے تو وہ درود نہ پڑھے۔

یعنی یہ ایک مسلمان کے بخیل ہونے کی انتہاء ہے کہ اس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی آئے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے اور یہ کیوں نہ ہو، اس کائنات میں مسلمان کے لئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کون محسن ہو سکتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جتنے احسانات اس امت پر ہیں خصوصاً ایمان والوں پر، اتنے احسانات کسی اور کے نہیں ہیں، لہٰذا ایک مومن کے شایان شان یہی ہے کہ جب کبھی اس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک نام لیا جائے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں درود کا ہدیہ پیش کرے۔

قرآن کریم کا عجیب انداز

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں درود شریف پڑھنے کا عجیب انداز میں حکم فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور فرشتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

اس آیت پر غور کیجئے ابتداء میں یہ نہیں فرمایا کہ تم درود بھیجو، بلکہ یہ فرمایا کہ اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں تمہارے درود کی ہمارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی ضرورت نہیں اس لئے کہ ان پر تو پہلے ہی اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیج رہے ہیں لیکن اگر تم اپنی بھلائی اور خیر چاہتے ہو تو تم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

البتہ اللہ تعالیٰ اور بندے کے درود بھیجنے کے درمیان فرق ہے، اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ براہ راست آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما رہے ہیں اور بندہ کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ یا اللہ آپ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں۔

دعا کی قبولیت

علماء کرام فرماتے ہیں کہ ساری کائنات میں کوئی دعا ایسی نہیں جس کے

بارے میں سو فیصد یقین ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہوگی، کوئی شخص یہ نہیں
کہہ سکتا کہ میری فلاں دعا ضرور قبول ہوگی، لیکن درود شریف ایک ایسی دعا ہے
جس کے سو فیصد قبول ہونے کا یقین ہے اس لئے کہ درود شریف پڑھے جانے
سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے اعلان کر دیا ہے کہ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ

ہم اور ہمارے فرشتے تو تمہاری دعا سے پہلے ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر
درود بھیج رہے ہیں، معلوم ہوا کہ درود شریف ایک ایسی دعا ہے جس کا سو فیصد قبول
ہونا یقینی ہے، اسی لئے دعا کے آداب میں سے یہ بھی ایک ادب ہے کہ جب کوئی
بندہ اللہ تعالیٰ سے اپنے کسی مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے تو اس سے پہلے اور
اس کے بعد درود شریف پڑھ لے تو امید ہے کہ وہ دعا قبول ہو جائے گی، کیونکہ
درود شریف کا قبول کیا جانا تو یقینی ہے اور اللہ تعالیٰ کی شان کریمی سے یہ بات بعید
ہے کہ پہلی اور آخری دعا کو تو قبول کریں اور درمیان کی دعا کو قبول نہ کریں۔

درود شریف لکھنے کا ثواب

حدیث شریف میں آتا ہے کہ اگر کوئی شخص زبان سے ایک مرتبہ درود پڑھتا
ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور اس کے اعمال
نامہ میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کے دس گناہ معاف ہوتے ہیں اور اگر
کوئی شخص تحریر میں صلی اللہ علیہ وسلم یا اور کوئی درود شریف لکھے تو حدیث شریف
میں آتا ہے کہ جب تک وہ تحریر باقی رہے گی اس وقت تک فرشتے مسلسل اس پر
درود بھیجتے رہیں گے، اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی نے اپنی تحریر میں درود شریف
لکھا تو اب جو شخص بھی اس تحریر کو پڑھے گا لکھنے والے کو اس کا اجر ملے گا، لہٰذا آپ

صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھتے ہوئے اس بات کا اہتمام کرنا چاہئے کہ نام مبارک کے ساتھ مکمل صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لکھا جائے بحرف ص یا صلعم لکھدینا بڑی بخیلی اور محرومی کی بات ہے۔

درود شریف کا حکم

تمام علماء امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ زندگی میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا فرض عین ہے اور بالکل اسی طرح فرض عین ہے جس طرح نماز پڑھنا فرض عین ہے اور اس کے علاوہ جب بھی ایک ہی مجلس میں بار بار حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لیا جائے تو ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا واجب ہے اگر نہیں پڑھے گا تو گناہ گار ہوگا بار بار درود شریف پڑھنا واجب نہیں ہے لیکن ایک مسلمان کے ایمان اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا تقاضہ یہ ہے کہ جب بھی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک سنے تو کم از کم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضرور پڑھے کہ یہ مختصر ترین درود ہے۔

درود شریف کے فضائل

درود شریف کے بے شمار فضائل وارد ہوئے اور اس سے بڑھ کر کیا فضیلت ہوگی کہ خود اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں، درود شریف درحقیقت عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین عمل ہے، اس پر دنیا اور آخرت میں ملنے والے ثمرات لاتعداد ہیں جن کا شمار ممکن نہیں، نمونہ کے طور پر کچھ فضائل پیش کئے جاتے ہیں۔

سب سے افضل اور اکمل درود شریف، درود ابراہیمی

صحیح بخاری میں حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے نقل کیا ہے کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ کیا میں تجھے ہدیہ دوں؟ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ پر کن الفاظ میں سلام بھیجا کریں یعنی

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

جو تشہد میں وارد ہوا ہے لیکن آپ پر درود کس طرح بھیجا کریں؟ ارشاد فرمایا کہ یوں کہا کرو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

شیخ علی قاری شرح حصن حصین میں مذکورہ الفاظ نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ درود شریف کے یہی الفاظ سب سے صحیح تر اور سب سے افضل واکمل ہیں، پس چاہیے کہ نماز اور غیر نماز میں ان کی پابندی کی جائے۔(۱)

---

(۱) صحیح البخاری باب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم رقم الحدیث [illegible]
فضائل [illegible]

مکمل درود شریف

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ایک مرتبہ فرمایا کہ تم نامکمل درود شریف نہ پڑھا کرو پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دریافت کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ درود شریف تعلیم فرمایا۔(۱)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کامل درود شریف

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا درود شریف دریافت کیا جس کو کامل درود شریف کہا جا سکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ درود تلقین فرمایا۔(۲)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ

افضل درود شریف

علامہ کمال الدین دمیری نے شرح منہاج میں شیخ ابو عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں دو مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی اور آخری مرتبہ میں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل درود

---

(۱)(القول البدیع للامام السخاوی، الباب الاول، ص ۱۲۲، ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

(۲)(القول البدیع للامام السخاوی، الباب الاول، ص ۱۲۲، ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

شریف دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درود شریف تعلیم فرمایا:(۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ن الَّذِيْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَيْهِ مِنْ جَمَالِكَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا مَسْرُوْرًا مُؤَيَّدًا مَنْصُوْرًا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت

امام بخاریؒ نے الادب المفرد میں، امام ابو جعفر طبریؒ نے تہذیب الآثار میں اور عقیلیؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جو شخص یہ درود شریف پڑھا کرے، میں اس کے لئے قیامت کے دن گواہی دوں گا اور اس کی شفاعت کروں گا۔(۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ

---

(۱) (القول البدیع للامام السخاوی، الباب الاول، ص ۱۲۶، ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

(۲) (الادب المفرد للبخاری، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ج ۱، ص ۲۲۲، ط دار البشائر بیروت)

امام احمد بن حنبل، بزار، ابن ابی عاصم اور طبرانی نے معجم کبیر اور معجم اوسط میں روایت کی ہے (اور ان میں بعض اسانید حسن ہیں) حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جو شخص یہ درود شریف پڑھا کرے اس نے اپنے لئے میری شفاعت کو واجب کر لیا۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

شفاعت کا حلال ہو جانا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد یہ درود شریف پڑھا کرے اس کے لئے قیامت کے دن میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔ (۲)

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْعَالِيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ دَارَهٗ

---

(۱) (مسند احمد، باب حدیث رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ رقم الحدیث ۱۶۹۹۱ ج ۴ ص ۱۰۸، ط موسسہ قرطبہ القاہرۃ)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی، الباب الخامس، ص ۲۶۳، ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

شفاعت نصیب ہونا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اذان سن کر یہ درود شریف پڑھا کرے اس کے لئے میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔(۱)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالشَّفَاعَۃَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

حصول شفاعت

حضرت طاؤسؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ وہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو شخص اسی طرح درود شریف پڑھا کرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے اور اس کو اور اس کے والدین، عزیز و اقارب اور دوست احباب کو بھی رب شفاعت عطا فرمائیں گے۔(۲)

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَۃَ مُحَمَّدِنِ الْکُبْرٰی وَارْفَعْ دَرَجَتَہُ الْعُلْیَا وَاٰتِہٖ سُؤْلَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ وَالْاُوْلٰی کَمَا اٰتَیْتَ سَیِّدَنَا اِبْرَاھِیْمَ وَسَیِّدَنَا مُوْسٰی

---

(۱) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الخامس ص ۳۸۵، ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول ص ۱۲۲، ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سات جمعہ تک یہ درود شریف ہر جمعہ کو سات مرتبہ پڑھا کرے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگی۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِيْنَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ درود شریف

حافظ سخاوی فرماتے ہیں کہ ابو عمر بن فضالہ نے حکم بن عبداللہ بن قاسم بن محمد عن عائشہ رضی اللہ عنہا کی سند سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم شب وروز کثرت سے آپ پر درود شریف پڑھا کریں اور ہمیں درود شریف کے ایسے الفاظ محبوب ہیں جو آپ کے پسندیدہ ہوں ارشاد فرمایا کہ یوں کہا کرو: (۲)

---

(۱) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول ص ۲۲۱، طبع دار الیسر المدینة المنورة)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول ص ۱۰۹، طبع دار الیسر المدینة المنورة)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلَ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

علامہ ابو القاسم بستوئیؒ نے اپنی کتاب الدر المنظم فی المولد المعظم میں ذکر کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مندرجہ ذیل درود شریف پڑھے وہ شخص مجھے خواب میں دیکھے گا اور جو مجھے خواب میں دیکھے وہ قیامت میں مجھے دیکھے گا، اور جو شخص مجھے قیامت میں دیکھے میں اس کے لئے شفاعت کروں گا، اور جس کی میں شفاعت کروں گا وہ میرے حوض کوثر سے پیئے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو دوزخ پر حرام کردیں گے۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

---

(۱) (القول البدیع للامام السخاوی طبع بالاولیٰ ص ۱۰۶ ، طبع دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

جو شخص خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتا ہو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔(۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ

درود باعث زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس کو خواب میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی، پانچ یا سات جمعہ تک پابندی سے اس کو پڑھیں۔(۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

فرشتے کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام پہنچانا

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جو شخص جمعرات کو عصر کے بعد یہ درود شریف پڑھا کرے اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو مقرر فرما دیتے ہیں کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت

---

(۱) (الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر لشیخ الاسلام مجد الدین الفیروز آبادی صاحب القاموس، ص ۱۶۲، طوار نباز مکہ مکرمہ)

(۲) (ذریعہ مغفرت الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ص ۱۹۱، مکتب لدھیانوی)

میں حاضر ہو کر عرض کرتا ہے کہ یا رسول اللہ فلاں ابن فلاں نے آپ کو سلام بھیجا ہے۔(۱)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ الشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَالرُّکْنِ وَالْمَقَامِ وَرَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ اَقْرِئْ مُحَمَّدًا مِنَّا السَّلَامَ

قرب خاص کا ذریعہ

ابن سبع نے شفاء میں اور ابو سعید نے شرف المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی شخص نہیں بیٹھتا تھا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھایا، صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس پر تعجب ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شخص مجھ پر یوں درود شریف پڑھتا ہے۔(۲)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

ایمان کی حفاظت

جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس درود شریف کا ورد رکھے تو اس کا ایمان ضائع ہونے سے محفوظ ہوگا۔(۳)

---

(۱) (القربة الی رب العالمین بالصلوٰۃ علی خیر المرسلین، ص ۱۱۳، طبع دار الکتب العلمیۃ بیروت)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول، ص ۱۲۵، طبع دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

(۳) (الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر لشیخ الاسلام مجد الدین الفیروز آبادی صاحب القاموس، ص ۱۲۷، طبع دار القباء مکۃ المکرمۃ)

بڑے پیمانے سے ثواب ملنا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص یہ چاہے کہ بڑے پیمانہ کے ساتھ اس کو ثواب دیا جائے تو اس کو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ہزاروں تک ثواب ملنا

جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ثواب لکھنے والے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھیں گے۔ (۲)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّجَزَاهُ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ

عرش عظیم کے برابر ثواب

اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین اور عرش عظیم کے برابر

---

(۱) سنن ابی داؤد، باب الصلوۃ علی النبی بعد التشہد، ج ۱، ص ۲۴۳، طبع دار الکتاب العربی بیروت

(۲) ترجمہ ... فضائل رسول صلی اللہ علیہ وسلم، ص ۲۱۹، مکتبہ ...

ثواب ملتا ہے (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر اجر

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ قول بدیع میں فرماتے ہیں کہ میں ایک درود شریف سے واقف ہوا جس کے بارے میں ہمارے بعض معتمد شیوخ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا ایک قصہ ہے جس کا مقتضا یہ ہے کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر اجر کا باعث ہے (۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَلَا انْتِهَاءَ وَلَا اَمَدَ لَهَا وَلَا انْقِضَاءَ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ كَذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ

---

(۱) (قربۃ مطلوبۃ الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ص ۲۲۳، طبع مکتبۃ الاسلامیۃ قونیہ)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول ص ۱۲۱، طبع دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

یہ درود شریف پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سارے درود بھیجنے کے برابر ہے۔(۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ

تمام اوقات میں درود پڑھنے کا اجر

شیخ الاسلام ابوالعباس رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ گویا رات دن کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔(۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوَّلِ كَلَامِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوْسَطِ كَلَامِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اٰخِرِ كَلَامِنَا

ستر ہزار فرشتوں کا ایک ہزار دنوں تک استغفار

ابونعیم نے حلیہ میں ابن شاہین نے ترغیب میں طبرانی نے معجم کبیر اور معجم اوسط میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ درود شریف پڑھے اس کے لئے ستر ہزار فرشتے

---

(۱) (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم، ص ۲۳۵، ط مکتبہ علمیہ لاہور)

(۲) (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم، ص ۲۳، ط مکتبہ علمیہ لاہور)

ایک ہزار دن تک استغفار کرتے رہیں گے۔ (۱)

جَزَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ

اسی ۸۰ سال کے گناہ معاف اور اسی ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب

جمعہ کے دن جہاں نماز عصر پڑھی ہو اس جگہ اٹھنے سے پہلے اسی مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے سے اسی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اسی سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ (۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

اسی ۸۰ سال کے گناہ معاف

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص اسی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرما دیں گے۔ (۳)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

---

(۱) (المعجم الکبیر، باب ما اسند عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، ج ۱۱، ص ۲۰۹، ط مکتبۃ العلوم والحکم)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی الباب الخامس، ص ۳۹۹، ط طاہر قیصر المدینۃ المنورۃ)

(۳) (فی معالم الوصول الی حضرۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم، ص ۲۰۵، ط مکتبۃ السعادۃ)

اسی ۸۰ سال کے گناہوں سے معافی

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر اسی مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے اسی سال کے گناہ اللہ تعالیٰ معاف فرما دیں گے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ آپ پر درود شریف کیسے پڑھا جائے؟ فرمایا یوں کہا کرے:(۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

مغفرت کا ذریعہ

حافظ ابن بشکوال نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص چھینک آنے پر یہ درود شریف پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک پرندہ پیدا ہوگا جو عرش کے نیچے پھڑپھڑائے گا اور عرض کرے گا کہ اس درود شریف کے پڑھنے والے کو بخش دیجئے۔(۲)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ

حصول مغفرت

امام سبکیؒ فرماتے ہیں کہ خواب میں امام شافعیؒ کو دیکھا گیا اور ان سے پوچھا

---

(۱) (القول البدیع للامام السخاوی علیہ الرحمۃ، ص ۳۹۶، طبع دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

(۲) (القول البدیع للامام السخاوی علیہ الرحمۃ، ص ۴۲۵، طبع دار الیسر المدینۃ المنورۃ)

گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ فرمایا بخش دیا، عرض کیا گیا کہ کس سبب سے؟ فرمایا پانچ کلمات کی برکت سے جس کے ساتھ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا کرتا تھا، عرض کیا گیا کون سے کلمات؟ فرمایا میں یہ کہا کرتا تھا:(۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يُحِبُّ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِى الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ

پل صراط پر چودھویں رات کے چاند سے زیادہ چہرے کا روشن ہو جانا

حافظ سخاویؒ نے ذکر کیا ہے کہ دیلمی نے فردوس اور طبرانی نے کتاب الدعاء میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ بعض لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لائے اور اس پر گواہی دی کہ اس شخص نے ان کی اونٹنی چوری کی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا، وہ شخص یہ کہتا ہوا ورود پڑھتا ہوا واپس چلا تو وہ اونٹنی بولنے لگی کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ شخص مجھے چرانے سے بری ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو واپس بلایا اور اس سے دریافت کیا کہ جب تو پشت پھیر کر لوٹا تو تو نے کیا پڑھا

---

(۱) (القول البدیع للامام السخاوی باب ... ص ۲۲۲ مطبوعہ دار ... المدینۃ المنورۃ)

تھا اس نے یہ الفاظ دہرائے کہ میں نے یہ الفاظ کہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے ان الفاظ کی وجہ سے فرشتوں کو دیکھا کہ انہوں نے مدینہ کے بازار کو بھر دیا یہاں تک کہ وہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا کہ: جب تو قیامت کے دن پل صراط پر آئے گا تو تیرا چہرہ چودھویں رات کے چاند سے زیادہ روشن ہوگا۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ صَلَوٰتِكَ شَيْءٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ بَرَكَاتِكَ شَيْءٌ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ سَلَامِكَ شَيْءٌ

بڑا جامِ کوثر عطا ہو

جو شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض کوثر سے بڑے پیالے کے ساتھ پانی نوش کرنا چاہے اس کو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

---

(۱) القول البدیع للامام السخاوی، باب الخامس، ص ۴۶۰، بحوالہ کنز الجنۃ المعروف

(۲) القول البدیع للامام السخاوی، باب ... (ص ۱۲۳) طبع بیروت، بحوالہ کنز الجنۃ

دوزخ سے نجات

حضرت خلاد رحمۃ اللہ علیہ جمعہ کے دن یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرتے تھے ان کے انتقال کے بعد ان کے تکیہ کے نیچے سے ایک کاغذ ملا جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خلاد بن کثیر کے لئے دوزخ سے آزادی کا پروانہ ہے۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ۨ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

صدقہ کے قائم مقام

ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور ابو یعلی موصلی نے اپنی مسند میں بخاری نے کتاب الادب میں اور دیگر لوگوں نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو جسے وہ اللہ کے راستے میں خرچ کر سکے وہ یہ درود شریف پڑھا کرے یہاں کے لئے صدقہ کے قائم مقام ہے۔ (۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

---

(۱) (الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر لشیخ الاسلام محمد الدین الفیروز آبادی صاحب القاموس، ص ۱۲۹، ط دار الباز مکۃ المکرمۃ)

(۲) (الادب المفرد للبخاری باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ج ۱، ص ۲۲۴، ط دار البشائر بیروت)

علامہ ابو الفتح مقدسیؒ نے کتاب الادعیۃ المستجابات میں کہا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو پریشان بھی یہ دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی کو زائل فرمادیں گے۔ اسی بناء پر حافظ سیوطیؒ نے اس دعا کو پریشانی کی دعاؤں میں ذکر کیا ہے۔(۱)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَاجَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ یَا اَمَانَ الْخَائِفِیْنَ یَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ یَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ یَا حِرْزَ الضُّعَفَاءِ یَا كَنْزَ الْفُقَرَاءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَاءِ یَا مُنْقِذَ الْهَلْكٰى یَا مُنْجِیَ الْغَرْقٰى یَا مُحْسِنُ یَامُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَامُنِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّیْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَحَفِیْفُ الشَّجَرِ وَدَوِیُّ الْمَاءِ وَنُوْرُ الْقَمَرِ یَااَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ لَاشَرِیْكَ لَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

(۱) القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول ص ۱۲۳ ط دار الیسر المدینۃ المنورۃ

درودِ تاریہ

اس درود شریف کا پڑھنے والا ہمیشہ رنج وغم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے، لہٰذا جب کسی پر مصیبت آئے تو فوراً اس درود پاک کا ورد کرنا چاہیے، ان شاء اللہ اس کی مصیبت و پریشانی دور ہو جائے گی، ہمارے اکابرین کے تجربات میں سے یہ نقل کیا گیا ہے کہ مقصود کی تحصیل اور پریشانیوں اور آفات کو دور کرنے کے لئے ایک مجلس میں جمع ہو کر اس درود شریف کو چار ہزار چار سو چوالیس ۴۴۴۴ مرتبہ ایک ہی مجلس میں پڑھا کرتے تھے جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ فوراً مسائل کو حل فرما دیا کرتے تھے اور مراد پوری ہو جایا کرتی تھی۔

شیخ محمد تیمی فرماتے ہیں کہ جو روزانہ اس درود شریف کو گیارہ مرتبہ پابندی سے پڑھے گا تو اس کے لئے رزق کی اس قدر فراوانی ہوگی گویا آسمان سے رزق برس رہا ہو یا زمین سے اُگ رہا ہو، اس کے علاوہ اس درود شریف کی پابندی بہت ساری دنیوی اور اخروی بھلائیوں کے حصول کا ذریعہ ہے۔ (۱)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَ تَنْفَرِجُ بِهِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِهِ الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِیْمِ وَ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ

(۱) [خزینۃ الاسرار، ص ۲۰۳، ۲۰۲، ط دار الکتب العلمیۃ]

الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ
كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ (۱)

آفتوں اور مصیبتوں کا ٹل جانا اور مشکلوں کا دور ہو جانا

درود تنجینا

جو شخص اس درود شریف کو کسی مہم یا کسی آفت اور کسی مصیبت میں ہزار مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مشکل کو دور فرمائیں گے اور اس مصیبت کو ٹال دیں گے۔(۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

قرض کی ادائیگی اور حساب کتاب سے آزادی

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل

---

(۱) (طریقۃ الاسرار، ص ۳۰۶، مادر الکتب العلمیۃ)

(۲) (الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر لشیخ الاسلام مجد الدین الفیروزآبادی صاحب القاموس، ص ۱۲۱، مادر نزار مکۃ المکرمۃ)

ہوں گی:

❶ کبھی مقروض نہ ہوگا۔

❷ اگر قرض ہوگا تو ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی قرض ہو۔

❸ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ہر درد کی دوا اور ہر بیماری سے شفاء

ہر درد اور بیماری دور ہونے کے لئے اول و آخر مذکورہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں مع بسم اللہ سورۂ فاتحہ اور اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ ہر بیماری سے شفا نصیب ہوگی۔ (۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

دعا قبول ہونا

امام احمد نے اپنی مسند میں اور ابن السنی نے عمل الیوم واللیلۃ میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مؤذن کی اذان کے وقت یہ درود شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی

---

(۱) (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ص ۱۹۲، ط مکتبہ تھانوی)

(۲) (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ص ۱۹۶، ط مکتبہ تھانوی)

دعا قبول فرمائیں گے۔(۱)

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الْقَائِمَةِ وَالصَّلٰوةِ النَّافِعَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّارْضَ عَنْهُ رِضًى لَّا سَخَطَ بَعْدَهٗ

پورے دن کی خیر و برکت

جو شخص نماز فجر کے بعد بطور وظیفہ سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر اپنے کاموں میں مشغول ہوا کرے اسے پورے دن میں خیر و برکت اور دینی اور دنیوی کامل حق نصیب ہوگی اور اس کا کوئی کام محتاج نہیں ہوگا۔(۲)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا سَهَا عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

روزی میں برکت اور صدقہ کرنے کا اجر

اس درود شریف کے پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ روزی میں برکت عطا فرماتے ہیں اور اسے صدقہ کرنے والے کے برابر اجر عطا فرماتے ہیں۔(۳)

---

(۱) (مسند احمد، باب مسند جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما، رقم الحدیث ۱۴۶۱۹، ج ۲۲، ص ۱۶۴، طبع مؤسسة الرسالة بیروت)

(۲) (الصلات والبشر فی الصلاة علی خیر البشر للشیخ الاسلام مجد الدین الفیروز آبادی صاحب القاموس، ص ۱۴۳، طبع دار الباز مکة المکرمة)

(۳) (الادب المفرد للبخاری، باب الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ج ۱، ص ۲۲۳، طبع دار البشائر بیروت)

اولاد کو عزت ملنا

جو شخص صبح و شام سات، سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔ (۱)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ

بہترین حمد، بہترین نعت اور بہترین سوال

نمیری نے حضرت ابو محمد عبد اللہ موصلی رحمۃ اللہ علیہ سے جو ابن مسیر کے نام سے معروف ہیں نقل کیا ہے کہ جو شخص چاہتا ہو کہ ایسے طریقے سے اللہ کی حمد کرے جو اولین و آخرین اور ملائکہ مقربین اور اہل آسمان اور زمین کی حمد سے بہتر ہو، اور چاہتا ہو کہ ایسے طریقے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجے جو تمام اہل ایمان کے درود شریف سے بہتر ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ سے اس انداز میں سوال کرے جو تمام مخلوق کے سوال سے بہتر ہو وہ یہ کہا کرے۔ (۲)

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

---

(۱) (قربۃ الوصول الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ص ۲۰۱، ط مکتبہ لدھیانوی)

(۲) (الاعلام بفضل الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص ۵۵، ط دار الکتب العلمیۃ بیروت)

كَمَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَافْعَلْ بِنَا مَا أَنْتَ أَهْلُهُ فَإِنَّكَ أَهْلُ التَّقْوٰى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ

روضہ مبارک کی حاضری پر ہدیہ عقیدت

حافظ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ جب زیارت کرنے والا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مطہرہ کی زیارت کو آئے تو مواجہہ شریف کے سامنے کھڑے ہو کر ان الفاظ میں سلام پیش کرے۔(۱)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيْرَةَ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

---

(۱) القول البدیع للامام السخاوی الباب الخامس ص ۲۲۴، ط دار الیسر المدینة المنورة

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيْرُ

السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ

السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَزْوَاجِكَ الطَّاهِرَاتِ

اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ

السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَصْحَابِكَ اَجْمَعِيْنَ

السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

وَسَائِرِ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

جَزَاكَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلَ

مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ

وَصَلّٰى عَلَيْكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ

وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ

وَصَلّٰى عَلَيْكَ فِى الْاَوَّلِيْنَ وَصَلّٰى عَلَيْكَ فِى الْاٰخِرِيْنَ

أفضل وأكمل وأطيب ما صلى على أحد

من الخلق أجمعين

كما استنقذنا به من الضلالة

وبصرنا به من العمى والجهالة

أشهد أن لا إله إلا الله

وأشهد أنه عبده ورسوله وخيرته من خلقه

وأشهد أنك بلغت الرسالة وأديت الأمانة

ونصحت الأمة وجاهدت في الله حق جهاده

اللهم آته نهاية ما ينبغي أن يأمله الآملون

کیا؟ کیوں؟ کیسے؟

اولیاء اللہ کا قول ہے کہ ہم نے جو کچھ پایا وہ درود شریف کی بدولت ہی پایا اور ظاہر ہے کہ نجات اور تمام بھلائیوں کا سب سے بڑا سبب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود بابرکت ہی ہے جن کے سر مبارک پر اللہ تعالیٰ نے محبوبیت کا تاج سجایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجنا تمام خوبیوں اور بھلائیوں کی کنجی ہے، صلوٰۃ وسلام پر ہر زمانے کے اہل اللہ نے کتابیں تالیف کیں مگر حضرت سید احمد بن سلیمان جزولی شریف کی تالیف دلائل الخیرات کو جو قبولیت حاصل ہوئی وہ اپنی مثال آپ ہے بلاد عرب وعجم اور تمام اطراف عالم میں اس کی قرأت جاری وساری ہے اگرچہ درود وسلام کے لئے کسی کی اجازت ضروری نہیں مگر تسلسل کی امتیازی وخصوصی شان کی وجہ سے کسی اللہ والے کی اجازت سے درود شریف پڑھنا یقیناً زیادتی نفع کا سبب بنے گا اسی وجہ سے بندہ نے اپنی سند کتاب کے شروع میں درج کردی ہے تمام پڑھنے والوں سے گزارش ہے کہ اپنے معمولات میں اس کتاب کو شامل کریں اور بندہ کو اور جملہ معاونین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور دوران قرأت اگر کسی غلطی کی طرف توجہ ہو تو بندہ کو مطلع کریں یہ آپ کا بندہ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

سعد عبدالرزاق

چند ضروری ہدایات

● دلائل الخیرات شریف کا ورد کرتے ہوئے نیت درود شریف پڑھنے کی ہو اور مقصود اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی اور محبت کا حصول ہو۔

● قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں درود شریف کے جو فضائل وارد ہوئے ہیں ان کا استحضار ہو۔

● دلائل کا ورد ہمارے مشائخ کا معمول رہا ہے حضرت حاجی امداد اللہ مکی رحمہ اللہ کے بارے میں معروف ہے کہ آپ سفر و حضر میں ہمیشہ تین کتابیں قرآن شریف، مثنوی شریف اور دلائل الخیرات اپنے ساتھ رکھتے تھے اور حضرت بنوری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ دلائل کا ورد ایک کامل متبع سنت مرشد کے ہاتھ پر بیعت کا کام دیتا ہے حضرت والا کے ارشاد کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

اور دارمی شریف کی روایت میں ہے:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ سَبْعِيْنَ مَرَّةً

اور قرآن کریم میں ہے:

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ

حدیث شریف کے مطابق درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوۃ کا نزول ہوتا ہے اور قرآن شریف سے معلوم ہوا کہ جس شخص پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوۃ کا نزول ہوتا ہے وہ ہر قسم کی ظلمات (شرک، کفر، فسق، نفاق، غفلت وغیرہ) سے نکل کر نور (ایمان، توحید، اخلاص، یقین، طاعت وغیرہ) میں داخل کر دیا جاتا ہے اور جنت سے بھی یہی مقصود ہوا کرتا ہے۔

۱۰ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ عمل بہت اونچی حیثیت رکھتا ہے جسے استقامت کے ساتھ کیا جائے، اس لئے پابندی کے ساتھ دلائل شریف پڑھنے کی کوشش کی جائے۔

۱۱ بہتر یہ ہے کہ شیخ یا کسی ایسے معتبر بزرگ جن کو دلائل پڑھنے کی مشائخ سے اجازت حاصل ہو، ان کی اجازت سے دلائل شریف کا ورد کیا جائے۔

کتاب پڑھنے کا طریقہ

دلائل الخیرات کو آٹھ منزلوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلی منزل پیر کے دن سے شروع ہوتی ہے اور آٹھویں منزل پیر کے دن ہی اختتام کو پہنچتی ہے گویا پیر کے دن دو منزلیں پہلی اور آخری پڑھی جائیں گی روزانہ کی منزل پڑھنے سے پہلے، اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مبارکہ، روضہ مبارکہ کی صفت اور دعاء نیت کو پڑھا جائے اور پھر منزل شروع سے آخر تک پڑھی جائے۔

أَجَازَنِي الشَّيْخُ وَاصِفُ بْنُ مَنْظُوْرٍ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰى

وَأَيْضًا

أَجَازَنِي الشَّيْخُ شَمْسُ الرَّحْمٰنِ أَدَامَ اللهُ بَرَكَاتِهِ
وَمَتَّعَنَا بِطُوْلِ حَيَاتِهِ وَأَجَازَهُ الشَّيْخُ فَضْلُ مُحَمَّدٍ
وَأَجَازَهُ الشَّيْخُ مُحَمَّدٌ قَمَر (جوره شریف) وَأَجَازَهُ
الشَّيْخُ وَلِيُّ أَحْمَد (شاکی باباجی) وَأَجَازَهُ الشَّيْخُ
عَبْدُ الْحَقِّ عَنِ الشَّيْخِ عَلِيِّ بْنِ يُوْسُفَ الْبَاشِلِيِّ
الْمَدَنِيِّ عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ نِ الْمُدَاهِرِي عَنِ
الشَّيْخِ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْمُنَلِّي عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ
الْحَاجِّ عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ الْمُقْرِيِّ عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ
الْقَادِرِ الْفَاسِيِّ عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الْعَبَّاسِ
عَنِ الشَّيْخِ السِّمْلَالِيِّ عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ
التَّبَّاعِ عَنِ الشَّيْخِ الْإِمَامِ الْمُؤَلِّفِ مُحَمَّدِ بْنِ
سُلَيْمَانَ الْجَزُوْلِيِّ الشَّاذِلِيِّ رَحِمَهُمُ اللهُ تَعَالٰى

أسماء الله الحسنى

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم أنت الملك الحق الذي لا إله إلا أنت

يا الله جل جلاله	يا رحمن جل جلاله	يا رحيم جل جلاله
يا ملك جل جلاله	يا قدوس جل جلاله	يا سلام جل جلاله
يا مؤمن جل جلاله	يا مهيمن جل جلاله	يا عزيز جل جلاله
يا جبار جل جلاله	يا متكبر جل جلاله	يا خالق جل جلاله
يا بارئ جل جلاله	يا مصور جل جلاله	يا غفار جل جلاله
يا قهار جل جلاله	يا وهاب جل جلاله	يا رزاق جل جلاله
يا فتاح جل جلاله	يا عليم جل جلاله	يا قابض جل جلاله
يا باسط جل جلاله	يا خافض جل جلاله	يا رافع جل جلاله
يا معز جل جلاله	يا مذل جل جلاله	يا سميع جل جلاله
يا بصير جل جلاله	يا حكم جل جلاله	يا عدل جل جلاله

یا لطیف ﷻ یا خبیر ﷻ یا حلیم ﷻ

یا عظیم ﷻ یا غفور ﷻ یا شکور ﷻ

یا علی ﷻ یا کبیر ﷻ یا حفیظ ﷻ

یا مقیت ﷻ یا حسیب ﷻ یا جلیل ﷻ

یا کریم ﷻ یا رقیب ﷻ یا مجیب ﷻ

یا واسع ﷻ یا حکیم ﷻ یا ودود ﷻ

یا مجید ﷻ یا باعث ﷻ یا شہید ﷻ

یا حق ﷻ یا وکیل ﷻ یا قوی ﷻ

یا متین ﷻ یا ولی ﷻ یا حمید ﷻ

یا محصی ﷻ یا مبدی ﷻ یا معید ﷻ

یا محیی ﷻ یا ممیت ﷻ یا حی ﷻ

یا قیوم ﷻ یا واجد ﷻ یا ماجد ﷻ

یا واحد ﷻ یا احد ﷻ یا صمد ﷻ

یا قادر ﷻ یا مقتدر ﷻ یا مقدم ﷻ

یَا مُؤَخِّرُ ﷻ   یَا اَوَّلُ ﷻ   یَا آخِرُ ﷻ

یَا ظَاہِرُ ﷻ   یَا بَاطِنُ ﷻ   یَا وَالِی ﷻ

یَا مُتَعَالِی ﷻ   یَا بَرُّ ﷻ   یَا تَوَّابُ ﷻ

یَا مُنْعِمُ ﷻ یَا مُنْتَقِمُ ﷻ یَا عَفُوُّ ﷻ یَا رَءُوْفُ ﷻ

یَا مَالِکَ الْمُلْکِ ﷻ   یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ﷻ

یَا رَبُّ ﷻ   یَا مُقْسِطُ ﷻ   یَا جَامِعُ ﷻ

یَا غَنِیُّ ﷻ   یَا مُغْنِی ﷻ   یَا مُعْطِی ﷻ

یَا مَانِعُ ﷻ   یَا ضَارُّ ﷻ   یَا نَافِعُ ﷻ

یَا نُوْرُ ﷻ   یَا ہَادِی ﷻ   یَا بَدِیْعُ ﷻ

یَا بَاقِی ﷻ   یَا وَارِثُ ﷻ   یَا رَشِیْدُ ﷻ

یَا صَبُوْرُ ﷻ   یَا صَادِقُ ﷻ   یَا سَتَّارُ ﷻ

اِلٰهِیْ بِجَاهِ نَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ

وَسَلَّمَ عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَیْكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ

وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ وَبِالسِّرِّ الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ

تُصَلِّیَ وَ تُسَلِّمَ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفْ

اَللّٰهُمَّ مَحَبَّتِیْ فِیْهِ وَ عَرِّفْنِیْ بِحَقِّهٖ وَرُتَبِهٖ وَوَفِّقْنِیْ

لِاِتِّبَاعِهٖ وَالْقِیَامِ بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَاجْمَعْنِیْ عَلَیْهِ

وَمَتِّعْنِیْ بِرُؤْیَتِهٖ وَاَسْعِدْنِیْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّیْ

الْعَوَائِقَ وَالْعَلَائِقَ وَالْوَسَائِطَ وَالْحِجَابَ وَشَنِّفْ

سَمْعِیْ مَعَهٗ بِلَذِیْذِ الْخِطَابِ وَهَیِّئْنِیْ لِلتَّلَقِّیْ مِنْهُ

وَاَهِّلْنِیْ لِخِدْمَتِهٖ وَاجْعَلْ صَلَاتِیْ عَلَیْهِ نُوْرًا نَیِّرًا

كَامِلًا مُكَمَّلًا طَاهِرًا مُطَهِّرًا مَاحِیًا كُلَّ ظُلْمٍ وَظُلْمَةٍ

وَشَكٍّ وَشِرْكٍ وَكُفْرٍ وَزُوْرٍ وَوِزْرٍ وَاجْعَلْهَا سَبَبًا

لِلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقًى لِاَنَالَ بِهَا اَعْلٰى مَقَامِ الْاِخْلَاصِ وَ

التَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِيَّ رَبَّانِيَّةٌ لِغَيْرِكَ وَحَتّٰى

اَصْلُحَ لِحَضْرَتِكَ وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ

مُسْتَمْسِكًا بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مُسْتَمِدًّا مِنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِيَةِ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَحِيْنٍ يَا

اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ

يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ

أَسْمَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنْ اِسْمُهُ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُنَا أَحْمَدُ ﷺ سَيِّدُنَا

حَامِدٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَحْمُودٌ ﷺ سَيِّدُنَا أَحِيدٌ ﷺ

سَيِّدُنَا وَحِيدٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَاحٍ ﷺ سَيِّدُنَا حَاشِرٌ

ﷺ سَيِّدُنَا عَاقِبٌ ﷺ سَيِّدُنَا طٰهٰ ﷺ سَيِّدُنَا

يٰسٓ ﷺ سَيِّدُنَا طَاهِرٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُطَهَّرٌ ﷺ

سَيِّدُنَا طَيِّبٌ ﷺ سَيِّدُنَا سَيِّدٌ ﷺ سَيِّدُنَا رَسُولٌ

ﷺ سَيِّدُنَا نَبِيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا رَسُولُ الرَّحْمَةِ ﷺ

سَیِّدُنَا جَامِعٌ ﷺ سَیِّدُنَا قُثَمٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُقْتَفٍ

ﷺ سَیِّدُنَا مُقَفًّی ﷺ سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ

ﷺ سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّاحَةِ ﷺ سَیِّدُنَا کَامِلٌ

ﷺ سَیِّدُنَا اِکْلِیْلٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ ﷺ

سَیِّدُنَا مُزَّمِّلٌ ﷺ سَیِّدُنَا عَبْدُاللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا

حَبِیْبُ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا صَفِیُّ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا

نَجِیُّ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا کَلِیْمُ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا

خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ ﷺ سَیِّدُنَا خَاتَمُ الرُّسُلِ ﷺ

سَیِّدُنَا مُحْیٍ ﷺ سَیِّدُنَا مُنْجٍ ﷺ سَیِّدُنَا مُذَکِّرٌ

